# مطالعہ کی میز پر

محمد رمضان یوسف سلفی
فیصل آباد

نام کتاب: **عقیدہ مسلم**

مصنف: ابوانس مولانا محمد یحییٰ گوندلوی حفظہ اللہ

صفحات: 415، قیمت: 200 روپے

ناشر و ملنے کا پتہ: دار الحسنی، گلی ماہنا گجر، آبادی مہر محبوب عالم نوشہرہ روڈ گوجرانوالہ

مولانا محمد یحییٰ گوندلوی حفظہ اللہ مسلکی حمیت رکھنے والے غیور اہل حدیث عالم دین ہیں۔ انہوں نے عقائد باطلہ کی اصلاح، غیر شرعی رسوم و عوائد اور تقلید شخصی کے خلاف تحقیقی کتب لکھ کر بہت بڑی خدمت سرانجام دی ہے۔ اس کے علاوہ انہوں نے صحیح سنن ترمذی، صحیح ابن ماجہ اور شمائل ترمذی کی اردو میں شروحات اور تراجم لکھ کر خدمت حدیث کا فریضہ بھی خوش اسلوبی سے ادا کیا ہے۔ بلا شبہ وہ کہنہ مشق مدرس، لائق مصنف، اعلیٰ پائے کے مترجم اور اونچے درجے کے مفسر و شارح ہیں۔ 1956 میں گوندلاں والہ ضلع گوجرانوالہ میں پیدا ہوئے جامعہ اسلامیہ گوجرانوالہ سے درس نظامی کی تکمیل اور ادارہ علوم اثریہ فیصل آباد سے تخصص کیا۔ لکھنے پڑھنے کا اچھا ذوق رکھتے ہیں ان کے تحقیقی مقالات جماعتی رسائل میں شائع ہو کر خواندگان ذی احترام کے مطالعہ میں آتے رہتے ہیں کئی کتابیں بھی تصنیف کر چکے ہیں۔ زیر تبصرہ کتاب میں انہوں نے عقیدے کو موضوع سخن بنایا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ صحیح عقیدہ ہی ہے کہ جو ایک مومن و مسلمان کی نجات کا باعث بنتا ہے۔ عصر حاضر میں جب ہم اپنے قرب و جوار میں دیکھتے ہیں تو لوگوں کو عقائد باطلہ میں مبتلا پا کر کف افسوس ملنے کو جی چاہتا ہے۔ مولانا یحییٰ صاحب نے اس کتاب میں معاشرے کے افراد میں پائی جانے والی عقائد کی غلطیوں کی درستگی کی ہے اور باطل نظریات کی نکیر کرتے ہوئے لوگوں کو توحید و سنت کی صحیح راہ دکھائی ہے۔ کتاب ایک مقدمہ اور نو (9) ابواب میں منقسم ہے۔ باب اول میں قدامت اہلحدیث پر بحث کی گئی ہے۔ دوسرے باب میں عقیدہ اور اس کے مبادیات بیان ہوئے ہیں تیسرے باب میں توحید باری تعالیٰ اور عبادت کی اقسام کو ضبط کتابت میں لایا گیا ہے۔ چوتھا باب فرشتوں پر ایمان، پانچواں باب کتابوں پر ایمان، چھٹا باب نبیوں پر ایمان پر مشتمل ہے۔ ساتویں باب میں صحابہ کرام اور خلافت اور درجات صحابہ پر دلائل دیئے گئے ہیں۔ آٹھویں باب میں مسئلہ تقدیر اور خیر و شر پر روشنی ڈالی گئی ہے اور آخری باب میں آخرت پر ایمان، موت، معاملہ قبر، علامات قیامت، قیامت کا حادثہ، قبروں سے اٹھنا، میدان حشر، حوض کوثر، بدعتیوں کی محرومیاں، حساب، اعمال نامہ کی تقسیم، پل صراط، جنت، جہنم، دیدار الٰہی اور جنت میں آخری جانے والا، ایسے عنوانات پر سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔ کتاب اپنے مشمولات کے اعتبار سے بڑی تحقیقی اور ٹھوس دلائل پر محتوی ہے۔ اپنے موضوع پر یہ ایک جامع کاوش ہے اور بہت سے اہم مسائل کو اپنے دامن میں سمیٹے ہوئے ہے۔

قارئین اپنے ذوق طبع کے مطابق اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ کتاب کی کمپوزنگ، طباعت اور جلد بندی معیاری اور قیمت مناسب معلوم ہوئی ہے۔ اس موضوع سے دل چسپی رکھنے والوں کی تفریح کیلئے اس میں بہت سامان موجود ہے۔

## خطبات مدراس

تالیف: علامہ سید سلیمان ندویؒ

صفحات: 184، قیمت: 70 روپے

ناشر و ملنے کا پتہ: مکتبہ اسلامیہ، بیرون امین پور بازار فیصل آباد فون: 041-631204

علامہ سید سلیمان ندوی رحمۃ اللہ علیہ برصغیر پاک و ہند کی عظیم المرتبت علمی شخصیت تھے۔ انہوں نے اسلامی تعلیمات کو اجاگر کرنے کیلئے تقریر و تحریر سے بے پناہ خدمت سرانجام دی۔ وہ لائق محقق اور بلند پایہ مصنف تھے۔ سیرت النبیؐ، تاریخ ارض القرآن، حیات مالک، سیرت عائشہ، عربوں کی جہاز رانی، خیام، حیات شبلی، اور لغات جدیدہ کو نہ صرف یہ کہ اسلامی ادب بلکہ اس خطہ ہند کے اردو ادب میں بھی خاص مقبولیت اور اونچا مقام حاصل ہے۔ خطبات مدراس بھی سید صاحب کے پُر بہار اور شگفتہ قلم کا ایک عظیم شاہکار ہے۔ اس میں انہوں نے نبی علیہ السلام کی سیرت طیبہ کے مختلف گوشوں کو اس خوبی سے احاطہ تحریر میں لانے کی سعی کی ہے۔ کہ آپ ﷺ کی حیات اقدس کی پوری عملی اور تاریخی

زندگی کا خوبصورت نقش ابھر کر سامنے آتا ہے۔ سچی بات تو یہ ہے کہ خطبات مدراس کا ہر لفظ نبی علیہ السلام کی محبت کا مظہر، ہر واقعہ نہایت موثر اور ہر بات قلب و روح کیلئے مسرت و شادمانی کا باعث ہے۔ سیرت مصطفیٰ ﷺ کے موضوع پر یہ سدا بہار کتب ہے۔ اصل میں یہ سید صاحب ان آٹھ خطبات کا مجموعہ ہے جو انہوں نے جنوبی ہند ''اسلامی تعلیمی انجمن'' کی فرمائش پر 1925 کے اکتوبر اور نومبر میں مدراس میں ارشاد فرمائے تھے۔ ان خطبات کو اس قدر شہرت حاصل ہوئی کہ یہ مختلف اداروں کی طرف سے بار بار شائع ہوئے۔ مکتبہ اسلامیہ فیصل آباد نے بھی اب اسے خوبصورت گیٹ اپ اور ظاہری و معنوی خوبیوں سے آراستہ کر کے شائع کیا ہے۔ اس جدید ایڈیشن کی خوبیوں میں ایک یہ ہے کہ اس کے شروع میں سید صاحب کے تفصیلی حالات اور تصنیفی خدمات کو بھی مقدمے کے طور پر لکھ دیا گیا ہے۔ یہ کام مولانا محمد اسحاق بھٹی صاحب نے کیا ہے۔ اس سے کتاب کی اہمیت اور بڑھ گئی ہے۔ ہم اس کتاب کی خوبصورت اشاعت پر مولانا محمد سرور عاصم صاحب اور مکتبہ اسلامیہ کے دیگر احباب کی خدمت میں ہدیہ تبریک پیش کرتے ہیں۔ قارئین سے ہماری التماس ہے کہ وہ ایمان کی حلاوت کیلئے اس کتاب کا مطالعہ ضرور کریں۔ کتاب کی کمپوزنگ، کاغذ اور جلد بندی معیاری اور قیمت مناسب ہے۔

## نماز میں ہاتھ کہاں باندھیں؟

مصنف: فضیلۃ الشیخ حافظ ثناء اللہ ضیاء حفظہ اللہ (کراچی والے)

صفحات: 96 خوبصورت کارڈ کور

قیمت: 40 روپے

ناشر و ملنے کا پتہ: مکتبہ اسلامیہ، بیرون امین پور بازار فیصل آباد

فضیلۃ الشیخ حافظ ثناء اللہ ضیاء حفظہ اللہ (کراچی والے) ہمارے جماعتی حلقوں کی جانی پہچانی معروف علمی شخصیت ہیں۔ وہ عرصہ دراز تک درس و تدریس کے شعبہ سے منسلک ہیں۔ وعظ و تقریر کا اچھا ذوق رکھتے ہیں۔ تصنیف و تالیف سے انہیں خاص شغف ہے۔ خالص علمی و تحقیقی موضوعات پر ان کی معلومات بڑی وسیع ہیں۔ حدیث اور اسماء الرجال پر ان کا مطالعہ بہت عمدہ ہے۔ ذہین اور حاضر جواب مناظر ہیں۔ علمی موضوعات پر بہت جامع، مدلل اور بھرپور گفتگو کرتے ہیں۔ مسلکی حمیت رکھنے والے غیور اہلحدیث عالم دین ہیں۔ انہوں نے اب تک بڑے عزم و ہمت سے دفاع حدیث پر کام کیا ہے اور حدیث رسول میں احناف کی خیانتوں کا پردہ چاک کر کے لوگوں پر اصل حقیقت کو واضح کرنے کی سعی کی ہے۔

پیش نگاہ کتاب بھی ان کے اسی مشن کی آئینہ دار ہے۔ اس کتاب میں حافظ صاحب نے ''نماز میں سینے پر ہاتھ باندھنے'' کو موضوع بنا کر اپنے موقف کی تائید میں کتب احادیث سے دلائل دیئے ہیں۔ ان کا اسلوب یہ ہے کہ پہلے وہ ایک حدیث لکھتے ہیں اور پھر حدیث کی سند پر بحث کرتے ہوئے راوی کا مکمل تعارف پیش کرتے ہیں اور ان راوی سے متعلق ائمہ حدیث کی آراء پیش کرتے ہیں۔ کتاب کے شروع میں حافظ صاحب نے سینے پر ہاتھ باندھنے والی احادیث پیش کی ہیں۔ آگے چل کر احناف کے من گھڑت اعتراضات کے مدلل جواب دیئے ہیں اور آخر میں احناف کی حدیث رسولؐ میں تحریفات کو دلائل سے ثابت کیا ہے۔ بلا شبہ یہ کتاب نماز میں سینے پر ہاتھ باندھنے کے مسئلے کا پوری طرح احاطہ کئے ہوئے ہے۔ کتاب کا مقدمہ علامہ ارشاد الحق اثری صاحب نے لکھا ہے۔ امید ہے کہ علمی اور جماعتی حلقوں میں اس کتاب کا بھرپور انداز میں استقبال کیا جائے گا۔

## روح عبادت

مصنف: مولانا عبدالرحمٰن عاجز مالیرکوٹلوی رحمۃ اللہ علیہ

صفحات: 208، قیمت: 60 روپے

ناشر و ملنے کا پتہ: رحمانیہ دارالکتب امین پور بازار فیصل آباد، فون: 041-649916

روح عبادت، دل کو قرار اور آنکھوں کو ٹھنڈک دینے والی وہ ایمان افروز کتاب ہے کہ اس میں بدنی اور مالی عبادات کا تذکرہ کر کے، محبت، اطاعت اور خشیت کو عبادت کی اصل روح قرار دیا ہے۔ موضوع کی مناسبت سے یہ کتاب بہت عمدہ، انداز تحریر سادہ اور سلیس ہے۔ مولانا عاجز مرحوم نے موضوع سے متعلقہ قرآنی آیات اور احادیث کو خاص ترتیب سے بیان کیا ہے۔ اس کتاب کا مطالعہ ایمان کی تازگی کا باعث بنتا ہے اور قاری کو اس سے یک گونا فرحت محسوس ہوتی ہے۔ مولانا عزج مرحوم کی یہ لائق تحسین کاوش ہے۔ رحمانیہ دارالکتب جو کہ اب دوبارہ میدان کارزار میں سرگرم عمل ہے اس کی طرف سے اس کتاب کی اشاعت خوش آئند مقصود ہے۔